صدر پرویز مشرف سے الطاف حسین کی ٹیلی فون پر بات چیت

محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت کے بعد ہونیوالے پرتشدد واقعات کی تفصیلات سے آگاہ کیا

صوبہ سندھ میں لوٹ مار کے دوران متاثر ہونے والے ہزاروں خاندانوں کو معاوضہ دیا جائے، الطاف حسین

صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا اور نقصانات کے ازالے کیلئے مناسب اقدامات کئے جائیں گے۔صدر پرویز مشرف

لندن۔۔۔یکم، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر مملکت پرویز مشرف سے اپیل کی ہے کہ صوبہ سندھ میں گزشتہ دنوں کی لوٹ مار کے دوران متاثر ہونے والے ہزاروں خاندانوں کو معاوضہ دیا جائے۔انہوں نے یہ اپیل گزشتہ روز صدر مملکت سے فون پر بات چیت کرتے ہوئے کی۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے محترمہ بےنظیر بھٹو کی شہادت پر بھی صدر مملکت سے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس واقعہ کو ملک وقوم کا بہت بڑا نقصان قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ محترمہ بےنظیر بھٹو کی شہادت کے بعد پورے ملک خصوصاً سندھ میں ہنگامہ آرائی، توڑ پھوڑ، جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے جو واقعات ہوئے ہیں ان میں لوگوں کے کاروبار، دکانیں، گاڑیاں، گھر، فیکٹریاں اور کارخانے لوٹے گئے، جلادیئے گئے اور تباہ کردیئے گئے۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت کو ان نقصانات کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ اس دوران ہزاروں شہریوں کے گھروں کو لوٹا گیا، بڑے پیمانے پر گاڑیاں جلادی گئیں، لوگوں کا جما جمایا کاروبار اور فیکٹریاں تباہ کردی گئیں اور زندگی بھر کی جمع پونجی لوٹ لی گئی۔انہوں نے صدر مملکت کو بتایا کہ بہت سے لوگ تو اب اس قابل بھی نہیں رہے ہیں کہ اپنے گھر کا خرچہ چلاسکیں کیونکہ انہوں نے زندگی بھر محنت کرکے جو کچھ بنایا تھا وہ تباہ کردیا گیا۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت سے پرزور اپیل کی کہ جن لوگوں کے گھر، دکانیں، کارخانے، فیکٹریاں اور کاروبار لوٹے گئے ہیں اور گاڑیاں جلائی گئی ہیں انہیں حکومت معاوضہ دے اور انکے نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ان واقعات کے دوران جن بے گناہ شہریوں کو شہید کیا گیا ان کے لواحقین کو بھی معاوضہ دیا جائے اور جو معصوم شہری زخمی ہوگئے ہیں انہیں حکومت علاج ومعالجہ کیلئے معاوضہ دے۔صدر مملکت جنرل پرویز مشرف نے محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت اور اسکے بعد ہونے والے پرتشدد واقعات پر افسوس کا اظہار کیا اور جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ اس تمام صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا اور نقصانات کے ازالے کیلئے مناسب اقدامات کئے جائیں گے۔

ایم کیوایم سائٹ ٹاؤن کے ایڈہاک انچارج سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سائٹ ٹاؤن کے ایڈہاک انچارج سجاد علی کی ہمشیرہ محترمہ حنا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

حق پرست امیدوار PS-123 شیخ محمد افضل نے کورنگی کی مارکیٹوں کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔یکم، جنوری 2008ء

ایم کیوایم کے نامزد امیدوار برائے پی ایس 123 شیخ محمد افضل نے گزشتہ روز کورنگی نمبر 6 مارکیٹ، کورنگی نمبر 2 مارکیٹ اور موبائل مارکیٹ کورنگی نمبر 4 کا دورہ کرکے کاروباری شخصیات سے ملاقاتیں کیں۔اس موقع پر شیخ محمد افضل نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ سماج دشمن عناصر نے جس طرح سے سانحہ راولپنڈی کے بعد احتجاج کی آڑ میں لوگوں سے لوٹ مار کی اور سرکاری املاک کو نذر آتش کیا وہ قابل مذمت ہے۔انہوں نے متاثرہ کاروباری شخصیات سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔بعدازاں انہوں نے کورنگی روٹ پر چلنے والی بسوں کے نمائندگان سے بھی ملاقاتیں کیں اور ان سے درخواست کی کہ وہ شہریوں کو سفری سہولیات فراہم کرنے کیلئے اپنی ٹرانسپورٹ چلائیں۔

☆☆☆☆☆